# ملاقات کرنے کے بارے میں معلومات

(Information about Visiting – Urdu Version)

## اس اشتہار کے بارے میں معلومات

یہ کتابچہ این ایچ ایس گریٹر گلاسگو اینڈ کلائیڈ (این ایچ ایس جی جی سی) کے ویزٹ کے انتظامات کا خلاصہ فراہم کرتا ہے۔

مزید معلومات این ایچ ایس جی جی سی کی ویب سائیٹ یا وارڈ کے عملے سے دستیاب ہیں۔

## پرسن سینٹرڈ وزٹنگ کیا ہے؟

پورے این ایچ ایس جی جی سی میں پرسن سینٹرڈ [فرد کی ضروریات پرتوجہ مرکوزکرتے ہوئے] وزٹنگ کا اطلاق ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم مریضوں اور خاندانوں کے ساتھ مل کر کام کریں گے لہذا خاندانی تعاون یہ ہے:

### خیر مقدم

ہم ان لوگوں کی شمولیت کا خیرمقدم کرتے ہیں اور ان لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جو مریضوں کے لیے اہمیت رکھتے ہوں۔

### مریض کی طرف سے رہنمائی

ہم مریضوں کی طرف سے رہنمائی حاصل کر رہے ہیں: وہ لوگ جو ان کے لیے اہمیت رکھتے ہوں اور جن کو وہ اپنی دیکھ بھال میں شامل کرنا چاہتے ہوں ان کے ساتھ کب ملیں اور وہ کب آرام کرنا چاہتے ہیں۔

### شراکت داری

ہم ان لوگوں کے ساتھ جو مریضوں کے لیے اہمیت رکھتے ہوں مل کر کام کرتے ہیں۔

### لچکداری

ہمارے ہاں ملاقات کرنے کا کوئی مقررہ وقت نہیں ہے۔

### عزت و احترام

ہم لوگوں کی انفرادی ضروریات کا احترام کرتے ہیں اور ہم انفرادی بنیادوں پر کام کرتے ہیں تاکہ تمام مریضوں کی حفاظت،رازداری اور وقار کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایسے وقت بھی آسکتے ہیں جب ہمیں لوگوں سےعارضی طور پر کلینیکل ایریا چھوڑنا کا کہنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

## میں ملاقات کا بندوبست کیسے کروں؟

براہ کرم اپنے دوست/خاندان کے رکن اور عملے سے بات کریں کہ آپ کے لیے کب ویزٹ کرنا اچھا رہے گا۔

آپ کو تمام وارڈوں اور محکموں کے ٹیلیفون نمبروں کی فہرست این ایچ ایس جی جی سی کی ویب سائیٹ پرمل سکتی ہے یا بطور متبادل ہسپتال کے سوئچ بورڈ سے رابطہ فرمائیں۔

## کیا میں کھانے کے اوقات پر ویزٹ کر سکتا ہوں؟

کھانا سماجی میل جول کے لیے ایک موقع ہوتا ہے - خاندان کے افراد، دوستوں اور دیکھ بھال کرنے والوں کا خیر مقدم کیا جاتا ہے کہ وہ کھانے کے اوقات پرتشریف لائیں اور مدد اور ہمراہی فراہم کریں۔

دماغی صحت کے چند ایک وارڈوں میں، وزٹ صرف کھانے کے کمروں میں ہی ہو سکتا ہے۔ ہم ان جگھوں پر آپ کے ساتھ کھانے کے اوقات میں خاندانی تعاون پر تبادلہ خیال کریں گے اور آپ اور اس شخص کے ساتھ ملاقات کے منصوبے پر اتفاق کریں گے جس سے آپ ملاقات کرنا چاہتے ہوں۔

## کیا میرے ہمراہ دیگر لوگ ملاقات کر سکتے ہیں؟

ہم بیشترحالات میں تجویز کرتے ہیں کہ ایک وقت پر 2 سے زیادہ ملاقاتی نہ ہوں (یہ ملاقاتی تبدیل ہو سکتے ہیں)۔ یہ ماحول کو ہرممکن حد تک پرسکون بنانے اور انفیکشن کے خطرے کو کم کرنے کے لیے ہے۔ تاہم، ہم جانتے ہیں کہ ایسے اوقات ہوتے ہیں جب 2 سے زیادہ لوگوں کو ملاقات کرنے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ اس بارے میں نرس انچارج آپ کے ساتھ بخوشی بات کرے گی۔

بچے آ سکتے ہیں اور انہیں ہر وقت نگرانی کی ضرورت ہے۔

## کیا میں وارڈ کو فون کر کے جان سکتا/سکتی ہوں کہ کوئی رشتہ دار یا دوست کیسا ہے؟

جی ہاں۔ اگرممکن ہو اور خاندان کے کسی فرد کی نشاندہی اہم رابطے کے طور پر کردی جائے تواس سے خاندان کے دیگر افراد اور دوستوں کے ساتھ مناسب معلومات شیئر کرنے میں بہت زیادہ مدد ملتی ہے۔

براہ کرم نوٹ فرمائیں کہ ہم فون پر کونسی معلومات دے سکتے ہیں اوریہ معلومات کس کو دے سکتے ہیں کے بارے میں ایک حد متعین ہے۔

## میرے خاندان کا فرد یا دوست انفیکشن کے خطرے سے خاص طور پر دوچار ہے؛ اس کے ویزٹ کے لیے کیا انتظامات کیے گئے ہیں؟

انفیکشن کے سب سے زیادہ خطرہ والے مریض (مثال کے طور پر اگر انہیں خون کا کینسر ہے، کیموتھراپی کی وجہ سے کمزور مدافعتی نظام ہے، یا بون میرو ٹرانسپلانٹ ہو رہا ہو تو) وہ بھی پرسن سینٹرڈ وزٹنگ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

چند ایک انفرادی حالات میں، کسی فرد کے ساتھ ملاقات کرنے کے لیے پھر بھی کثیرالضابطہ ٹیم کی طرف سے خطرے کا اندازہ لگانے کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔ وارڈ کا عملہ آپ کے ساتھ اس پر تبادلہ خیال کرکے خوش ہوگا۔

## اگر کسی وارڈ میں وباء پھیل جائے تو کیا ہوتا ہے؟

ان وارڈوں میں جہاں پرانفیکشن پھیلنے کی روک تھام کی جا رہی ہووہاں پرعارضی طور پر ضروری ملاقاتیں متعارف کروائی جا سکتی ہیں تاکہ جب تک کہ صورتحال حل نہ ہو جائےمریضوں، خاندان کے افراد اور عملے کی حفاظت کی جا سکے۔

ضروری ملاقاتیں کرنے کے بارے میں مزید معلومات این ایچ ایس جی جی سی ویب سائٹپر دستیاب ہیں۔

## اگر میں یا کنبے کا کوئی دوسرا فرد اور دوست ملاقات نہ کر سکے تو کیا ہوگا؟

اگرآپ ذاتی طور پر ملاقات نہ کرسکتے ہوں تو براہ کرم رابطے میں رہنے کے لئے ٹیکنالوجی جیسا کہ سوشل میڈیا اورفون کالز کا استعمال کریں۔ اگرآپ جس شخص سے بات کرنا چاہتے ہوں اس کو اپنے ذاتی فون یا ٹیبلٹ تک رسائی حاصل نہ ہو تو مہربانی فرما کرہماری پرسن سینٹرڈ ورچوئیل وزٹنگ سروستک رسائی حاصل کریں۔ تمام وارڈزمیں 'ورچوئل وزٹ' (ویڈیوکال) کے لیے آئی پیڈ موجود ہوتے ہیں جو مریضوں کو ان لوگوں کو دیکھنے اور ان سے بات کرنے میں مدد دیتے ہیں جو ان کے لیے حقیقت میں اہم ہوتے ہیں۔

## وزٹ کرتے وقت مجھے کن حفاظتی تدابیر پرعمل کرنے کی ضرورت ہے؟

1. ہسپتال میں موجود لوگ خاص طور پر انفیکشن کے خطرات سے دوچار ہوتے ہیں۔ لہذا، جب تک آپ کو استثنیٰ حاصل نہ ہو تو ہم سختی سے تجویز کرتے ہیں آپ اپنے پورے وزٹ کے دوران **فیس ماسک** استعمال کریں۔
2. براہ کرم تشریف لاتے اور روانہ ہوتے وقت اورجب آپ اپنے وزٹ کے دوران سطحوں پر ہاتھ لگائیں تو ہینڈ جیل کا استعمال کریں۔
3. مہربانی فرما کر **اگرآپ بیمارہوں تو وزٹ نہ کریں۔**
4. براہ کرم جہاں ممکن ہو **عوام کے لیے فراہم کردہ بیت الخلاء** استعمال کریں (مریضوں یا عملے کے لیے نہیں)۔

## میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

ملاقات کرنے کے حالیہ انتظامات کے بارے میں مزید معلومات این ایچ ایس جی جی سی ویب سائیٹپر دستیاب ہیں۔

**اگرآپ کو یہ معلومات قابل رسائی صورت میں جیسا کہ بڑے حروف یا بریل، یا کمیونٹی کی زبان میں درکار ہوں تو براہ کرم اس پتے پر ای میل کریں person.centred@ggc.scot.nhs.uk**

**آپ کے تعاون اور حمایت کا بہت بہت شکریہ۔**